Australian Government

# ملٹی کلچرل آسٹریلیا میں سب لوگوں کے لیے انصاف کا فروغ

## رپورٹ کا خلاصہ

ملٹی کلچرل فریم ورک ریویو کئی مراحل پر مبنی اصلاحاتی ایجنڈا ہے جو تمام حکومتی نظام اور کمیونٹی میں ایسے کام کو لازمی بناتا ہے اور جو آسٹریلیا کو بہت سی تہذیبوں، مذاہب اور مختلف تجرباتِ زندگی رکھنے والے لوگوں پر مشتمل قوم کی حیثیت سے اپنی تمام طاقتوں کو بروئے کار لانے کے قابل بنائے گا۔

آسٹریلین گورنمنٹ کو یہ رپورٹ پیش کرنے کے سلسلے میں، اس ریویو کی بنیاد آسٹریلیا بھر میں 216 عوامی مشاورتوں سے حاصل ہونے والی معلومات پر تھی۔ پینل نے 796 پبلک سبمشنز (عوام کی طرف سے اطلاعات اور آراء) (جن میں سے 15٪ انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں تھیں) پر بھی غور کیا اور بچوں اور نوجوانوں کے لیے ایک آرٹ کا مقابلہ کروایا جس میں تمام عمروں کی نمائندگی یقینی بنائی گئی۔

کمیونٹیوں نے پینل کو پر زور اور متحد آواز میں بتایا کہ وہ فیصلہ سازی کے عمل میں شریک ہونے اور متعلقہ حکومتی سطحوں کے ساتھ مشترکہ ڈیزائن اور مشترکہ پروڈکشن میں شامل ہونے کی خواہشمند ہیں نیز وہ ذمہ داری اور جوابدہی میں بھی شریک ہونا چاہتی ہیں۔

ان مسائل کو کمیونٹیاں، سیکٹرز، ادارے اور تنظیمیں اپنے طور پر حل نہیں کر سکتیں اور نہ ہی عمر کا کوئی ایک گروہ حل کر سکتا ہے۔ آسٹریلیا میں سب کو شامل رکھنے والا معاشرہ تشکیل دینے کی ذمہ داری ہر شخص پر ہے؛ ہمارے کام کے مقامات پر، سماجی روابط میں، آن لائن یا ذاتی طور پر، ہر شخص کو سب کو شامل رکھنے، انصاف، احترام اور مساوات کو انسانی حقوق کا معاملہ سمجھ کر کام کرنا چاہیے۔

تمام حکومتی نظام میں مشترکہ ذمہ داری اور عزم یقینی بنانے کے لیے یہ رپورٹ آسٹریلین گورنمنٹ سے درخواست کرتی ہے کہ وہ 29 سفارشات پر عملدرآمد کو اپنی ترجیح بنائے۔

ان سفارشات کی روشنی میں ہم ملٹی کلچرل فریم ورک کے لیے ایک روڈ میپ (لائحہ عمل) تجویز کرتے ہیں۔ اداروں میں درست نظاموں کے ساتھ ساتھ یہ روڈ میپ ایسا تسلسل فراہم کرنے کا ہدف رکھتا ہے جو سب لوگوں کے لیے ایک کامیاب، منصفانہ ملٹی کلچرل آسٹریلیا قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ مناسب ڈاٹا، تحقیق اور رپورٹنگ کی بنیادوں پر بنایا گیا یہ روڈ میپ مندرجہ ذیل واضح کرتا ہے:

### *سماجی تعلق کے ذریعے بنیادیں (Foundations through Connection) بنانا*

– ملٹی کلچرل ازم کے لیے دونوں بڑی پارٹیوں کا قومی عزم جس کی بنیاد سماجی اتحاد، تہذیبی شناخت اور برابر مواقع پر ہو

- مضبوط قیادت اور جوابدہی، اور اس حوالے سے فریم ورک پر عملدرآمد میں رہنمائی کرنے والا ملٹی کلچرل آسٹریلیا کمیشن بنانے کی سفارش کی گئی ہے
- اس سلسلے میں بالخصوص مامور ڈیپارٹمنٹ آف ملٹی کلچرل افیئرز، امیگریشن اینڈ سٹیزن شپ کی باتدبیر منصوبہ بندی اور کاموں میں ربط
- ملک بھر میں اور تمام عوام کا ملٹی کلچرل منسٹیریل فورم اور ملٹی کلچرل کمیونٹی ایڈوائزری کاؤنسل کے ساتھ اشتراکِ کار

## شناخت اور وابستگی کے ذریعے سب کا خیر مقدم کرنے والا آسٹریلیا تشکیل دینا

- ملٹی کلچرل ازم کی اہمیت اجاگر کرنے والا نیشنل پلان، جس میں ہارمنی ویک (ہم آہنگی کے اظہار کا ہفتہ) منانا اور نسلی امتیاز کے خاتمے کے لیے اقوام متحدہ کا عالمی دن منانا شامل ہے۔
- سماجی معاشیات کے نتائج کی خاطر قومی زبان کی پائیدار پالیسی نافذ کرنا
- شہریت حاصل کرنے کے عمل میں تبدیلیاں جو ایک جدید، ملٹی کلچرل قوم کی عکاس ہوں
- خودمختار اور متنوّع میڈیا سیکٹر
- کمیونٹی تنظیموں اور کلچرل پروگراموں میں سرمایہ کاری تاکہ فنون اور کھیلوں کے ذریعے سماجی تبدیلی کو تحریک دی جائے
- پورے آسٹریلیا میں فرسٹ نیشنز کی تاریخ کا گہرا شعوردلانے کے لیے اقدامات طے کرنا جیسے شہریت کے عمل میں تاریخ سے آگہی دلانا، ملکی و شہری امور میں افراد کی شرکت، مستقل اقامت اور تعلیم کے راستے

## اشتراکِ کار میں سب کو شامل رکھنے کے ذریعے خدمات کو بہتر بنانا

- تہذیبی ضروریات کو پورا کرنے والی خدمات تشکیل دینا جن میں صحت، معذوری، تعلیم، معمّر افراد کی نگہداشت اور رہائش شامل ہیں
- تمام آسٹریلین پبلک سروس میں تہذیبی لیاقت بڑھانا، جسے APSC جوابدہ قیادت کے ذریعے تحریک دیتا ہے
- ملٹی کلچرل گرانٹس پروگرام میں جدت لانا جس میں پائیداری اور یقینی دستیابی کو مرکزی اہمیت دی جائے
- کلچرل اور ڈیجیٹل فاصلوں کو دور کرنے کے لیے حکمت عملی کی تشکیل اور نفاذ
- بچوں، نوجوانوں اور ریجنل کمیونٹیوں کی منفرد ضروریات کو توجہ دینا
- ملٹی کلچرل پالیسی اور سروس کو تمام طبقات اور اصناف کی برابری کی نظر سے دیکھنا